ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((368

مورخہ 08.07.24

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 12 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کی جا رہی ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ اور تھانہ عنائتی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 70 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2260 گرام چرس اور 600 گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ کوتوالی، سٹی یزمان، ڈیراور، عنائتی اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے 08 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد ریپیٹر 12 بور، 01 عدد کاربین 12 بور اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((369

08.07.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد منشیات فروش گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، ملزم پابند سلاسل۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی یزمان پولیس نے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 05 ملزمان صفدر علی، غلام مرتضیٰ، قاسم علی، ارشد علی اور جمشید عرف اسامہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 05 کلو 220 گرام چرس اور 155 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی پی او بہاولپور نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرنے پر ایس ایچ او تھانہ سٹی یزمان اور ان کی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد